سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان

سکیورٹیز مارکیٹ ڈویژن

شعبہ نگرانی، دیکھ بھال اور نفاذ (ایس ایس ای ڈی)

# سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان

SECP

## آن لائن مالیاتی رپورٹنگ نظام کے لئے راہنما کتابچہ

تاریخ: ۷ نومبر ۲۰۱۶



14848— 8-11-2016

## فہرست

1. تعارف

2. ہدایات و راہنمائی

2.1 ایف آر ایس تک رسائی

2.2 فارم۔بروکریج ہاؤس ٹاپ شیٹ (بیلنس شیٹ)

2.3 فارم۔ضمیمہ الف۔شاخوں کی تفصیل

2.4 فارم۔ضمیمہ ب۔ایجنٹوں کی تفصیل

2.5 فارم۔ضمیمہ ج۔صارفین کی تفصیل

2.6 فارم۔ضمیمہ نمبر ۱۔نقدی اور بینک

2.7 فارم۔ضمیمہ نمبر ۲۔خالص قابل وصولی قرضے

2.8 فارم۔ضمیمہ نمبر ۳۔قلیل مدتی سرمایہ کاری

2.9 فارم۔ضمیمہ نمبر ۵۔کاروباری املاک

2.10 فارم۔ضمیمہ نمبر ۶۔ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی مالیت

2.11 فارم۔ضمیمہ نمبر ۷۔ایسو سی ایٹڈ انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری

2.12 فارم۔ضمیمہ نمبر ۸۔طویل مدتی سرمایہ کاری

2.13 فارم۔ضمیمہ نمبر ۹۔سٹاک ایکسچینج، این سی سی پی ایل اور سی ڈی سی کے ساتھ ڈپازٹس

2.14 فارم۔ضمیمہ نمبر ۱۰۔واجب الادا قرضے

2.15 فارم۔ضمیمہ نمبر ۱۱۔حالیہ واجب الادا مارک اپ

2.16 فارم۔ضمیمہ نمبر ۱۲۔بینک کے قلیل مدتی قرضے

2.17 فارم۔ضمیمہ نمبر ۱۳۔طویل مدتی قرضے

2.18 فارم۔ضمیمہ نمبر ۱۴۔طویل مدتی قرضوں پر عائد شدہ مارک اپ

2.19 فارم۔ضمیمہ نمبر ۱۵۔سرمایہ

2.20 فارم۔ضمیمہ نمبر ۱۷۔رہن کی تفصیلات

2.21 فارم۔ضمیمہ نمبر ۱۸۔لیوریج مارکیٹ میں حیثیت

2.22 فارم۔ضمیمہ نمبر ۱۹۔نیٹ کیپٹل بیلنس ڈیٹا

2.23 فارم۔ضمیمہ نمبر ۲۰۔نفع و نقصان اکاؤنٹ

3. جمع کروانے کا عمل

4. سروس ڈیسک برائے معلومات

## 1. تعارف

1.1 سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''کمیشن'') نے اپنے مراسلہ نمبر ۴، مؤرخہ ۱۶ اپریل ۲۰۱۳ کے ذریعے تمام بروکرز کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ کمیشن کو جمع کروائی جانے والی تمام مالیاتی معلومات ''آن لائن مالیاتی رپورٹنگ نظام'' (ایف آر ایس) کے ذریعے کمیشن کو جمع کروائیں۔ مذکورہ مالیاتی معلومات کا، جو کہ غیر آڈٹ شدہ ہو، سہ ماہی بنیادوں پر اور ہر سہ ماہی کے اختتام کے تیس دن کے اندر اندر جمع کروانے کا تقاضا کیا گیا ہے۔

1.2 ایف آر ایس کے بنیادی طور پر حسبِ ذیل تین حصے ہیں:

(الف) ٹاپ شیٹ (بیلنس شیٹ)

(ب) نیٹ کیپٹل بیلنس ڈیٹا (ضمیمہ ۱۹)، اور

(ج) نفع و نقصان کا اکاؤنٹ

1.3 اِن پُٹ فارمز جن میں اعداد و شمار داخل کرنے ضروری ہیں کی فہرست حسب ذیل ہے:

(الف) ٹاپ شیٹ (بیلنس شیٹ)

(ب) ضمیمہ الف۔ شاخوں کی تفصیل

(ج) ضمیمہ ب۔ ایجنٹوں کی تفصیل

(د) ضمیمہ ج۔ صارفین کی تفصیل

(ہ) ضمیمہ نمبر ۱۔ نقدی اور بینک

(و) ضمیمہ نمبر ۲۔ خالص قابل وصولی قرضے

(ز) ضمیمہ نمبر ۳۔ قلیل مدتی سرمایہ کاری

(ح) ضمیمہ نمبر ۵۔ کاروباری املاک

(ط) ضمیمہ نمبر ٦۔ ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی مالیت

(ی) ضمیمہ نمبر ۷۔ ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں سرمایہ کاری

(ک) ضمیمہ نمبر ۸۔ طویل مدتی سرمایہ کاری

(ل) ضمیمہ نمبر ۹۔ سٹاک ایکسچینج، این سی سی پی ایل اور سی ڈی سی کے ساتھ ڈپازٹس

(م) ضمیمہ نمبر ۱۰۔ واجب الادا قرضے

(ن) ضمیمہ نمبر ۱۱۔ حالیہ واجب الادا مارک اپ

(س) ضمیمہ نمبر ۱۲۔ بینک کے قلیل مدتی قرضے

(ع) ضمیمہ نمبر ۱۳۔ طویل مدتی قرضے

(ف) ضمیمہ نمبر ۱۴۔ طویل مدتی قرضوں پر عائد شدہ مارک اپ

(ص) ضمیمہ نمبر ۱۵۔ سرمایہ

(ق) ضمیمہ نمبر ۱۷۔ رہن کی تفصیلات

(ر) ضمیمہ نمبر ۱۸۔ لیوریج مارکیٹ میں حیثیت

(ش) ضمیمہ نمبر ۱۹۔ نیٹ کیپٹل بیلنس ڈیٹا

(ت) ضمیمہ نمبر ۲۰۔ نفع و نقصان اکاؤنٹ

## 2. ہدایات وراہنمائی

یہ کتابچہ بروکرز / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈرز کو ان کی سہ ماہی مالیاتی معلومات کی تیاری کے لئے راہنمائی فراہم کرتا ہے۔ یہ راہنما کتابچہ اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ یہ ایف آر ایس کو تشکیل دینے والے ہر ضمیمہ کے ہر ایک حصہ میں بتدریج معلومات کے اندراج کے لئے راہنمائی فراہم کرے گا۔

ایف آر ایس کو مکمل کرنے کے لئے، کمیشن کے ای سروسز ماڈیول کے ساتھ بروکرز / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈرز کا رجسٹر ہونا ضروری ہے۔ ای سروسز میں رجسٹرڈ ہونے کے بعد، بروکرز اپنی مالیاتی معلومات جمع کروانے کے لئے حسب ذیل ہدایات پر عمل کریں گے:

### 2.1 ایف آر ایس تک رسائی

(الف) "Login Name" اور "Password" داخل کر کے ای سروسز پر "Log on" ہوں۔

(ب) "Process Listing" کی ہیڈنگ اور "List of Available Processes" کے سیکشن میں "Filing of Return- FRS (previously SMBH)" کے لنک پر کلک کریں۔

(ج) کلک کرنے سے کمپیوٹر سکرین پر "Process Document Listing .Annexures List" نمودار ہوگی۔ یہ صفحہ "List of Documents" پر مشتمل ہے جن کو مکمل کرنا ایف آر ایس کے ذریعے مالیاتی معلومات کی فراہمی کے لئے لازمی ہے۔ "Process Document Listing .Annexure List" کی تصویر ذیل میں دی گئی ہے:



Securities & Exchange Commission of Pakistan

PROCESS DOCUMENT LISTING - ANNEXURES LIST

List of Documents

| Document | Information to be Submitted | |
|---|---|---|
| Update Brokerage House Top sheet | Quarterly | View |
| Update Annexure A - Detail of Branches | Quarterly | View Delete |
| Update Annexure B - Detail of Agents | Quarterly | View Delete |
| Update Annexure C - Detail of Clients | Quarterly | View Delete |
| Fill Annexure 1 - Cash and Bank Balances | Quarterly | |
| Fill Annexure 2 - Trade Debts Net | Quarterly | |
| Fill Annexure 3 - Short Term Investments | Quarterly | |
| Fill Annexure 5 - Business Property | Quarterly | |
| Fill Annexure 6 - Value of REC | Quarterly | |
| Fill Annexure 7 - Investment in Associated Undertakings | Quarterly | |
| Fill Annexure 8 - Long Term Investment | Quarterly | |
| Fill Annexure 9 - Deposits with Stock Exchange, NCCPL and CDC | Quarterly | |
| Fill Annexure 10 - Payables | Quarterly | |
| Fill Annexure 11 - Current Portion of Accrued Mark up | Quarterly | |
| Fill Annexure 12 - Short Term Bank Borrowings | Quarterly | |
| Fill Annexure 13 - Long Term Loans | Quarterly | |
| Fill Annexure 14 - Accrued Mark up on Long Term Liabilities | Quarterly | |
| Fill Annexure 15 - Capital | Quarterly | |
| Fill Annexure 17 - Pledge Details | Quarterly | |
| Fill Annexure 18 - Leverage Market Position | Quarterly | |
| Fill Annexure 19 - Net Capital Balance Data | Quarterly | |
| Fill Annexure 20 - Profit and Loss Account | Quarterly | |

## 2.2 فارم۔ بروکریج ہاؤس ٹاپ شیٹ (بیلنس شیٹ)

### مقصد

ٹاپ شیٹ کا مقصد بروکروں / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں کی پروفائل اور مالیاتی معلومات کو ایک خلاصہ کی صورت میں فراہم کرنا ہے۔

### اطلاق

ٹاپ شیٹ تمام بروکروں / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں پر لاگو ہوگا۔

### مواد

یہ فارم کمپنی کی تفصیلات اور مالیاتی معلومات (اثاثہ جات، واجبات، ایکویٹی، رہن کی تفصیلات اور لیوریج مارکیٹ کی پوزیشن) کا حامل ہے جو کہ بروکروں / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں کی جانب سے جمع کروائی جائے گی۔

### فارم کی بناوٹ

اس فارم کے دو حصے ہیں۔

(الف) پہلا حصہ بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی پروفائل معلومات پر مشتمل ہے۔

(ب) دوسرا حصہ متعین مدت کے اختتام پر بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی مالیاتی معلومات پر مشتمل ہے۔

## ہدایات و راہنمائی

"Brokerage House Top Sheet" لنک پر کلک کریں۔ کمپیوٹر سکرین پر "Top Sheet" نمودار ہوگی۔ جس کی تصویر ذیل میں دی گئی ہے:


Securities & Exchange Commission of Pakistan

Processes List
Submitted Processes
Online Payment
Update Profile
Logout

**Top Sheet**

| | |
|---|---|
| Name | ASD (PVT.) LIMITED |
| Return for the Quarter | 2013-Q1 (July – September) |

**Company Details**

| | |
|---|---|
| Name of TREC Holder | ASD (PVT.) LIMITED |
| Date of Incorporation of the company | 21/07/1987 |
| Broker Registration Number | |
| Date of Initial Registration as Broker | |
| Next Date of Renewal of COR | |

| | | TREC Number | Date of acquiring TREC under Demutualization |
|---|---|---|---|
| Karachi Stock Exchange | ☐ | | |
| Lahore Stock Exchange | ☐ | | |
| Islamabad Stock Exchange | ☐ | | |
| Pakistan Stock Exchange | ☐ | | |

| | |
|---|---|
| Date of Acquiring Initial Membership | |
| Address of Registered Office | |
| Number of branches: (Annexure - A) | 0 |
| Number of registered agents: (Annexure - B) | 0 |
| Number of Clients: (Annexure-C) | 0 |

| Assets (Current Assets) | Annexure | Quarter End (In Rupees) |
|---|---|---|
| Cash and Bank | 1 | 0 |
| Trade Debts - Net | 2 | 0 |
| Short Term Investments | 3 | 0 |
| Current Portion of Loans and Advances Receivable | | 0 |
| Short Term Prepayments, Deposits and other Receivables | | 0 |
| Other Current Assets | | 0 |
| Total Current Assets | | 0 |
| **Assets (Non-Current Assets)** | | |
| Business Property | 5 | 0 |
| Value of TREC | 6 | 0 |
| Investments in Associated Undertakings | 7 | 0 |
| Long Term Investments | 8 | 0 |
| Deposits with Stock Exchange, NCCPL and CDC | 9 | 0 |
| Other Non Current Assets | | 0 |
| Total Non-Current Assets | | 0 |
| TOTAL ASSETS | | 0 |

| Liabilities & Equity (Current Liabilities) | | |
|---|---|---|
| Trade Payables | 10 | 0 |
| Current portion of Accrued Markup | 11 | 0 |
| Short Term Bank Borrowings | 12 | 0 |
| Current Portion of Long Term Loans | | 0 |
| Other Liabilities | | 0 |
| Total Current Liabilities | | 0 |
| **Liabilities & Equity (Non-Current Liabilities)** | | |
| Long Term Loans | 13 | 0 |
| Accrued Markup on Long Term Liabilities | 14 | 0 |
| Other Liabilities | | 0 |
| Total Non-Current Liabilities | | 0 |
| Surplus on revaluation of fixed assets | | 0 |
| **Equity** | | |
| Capital | 15 | 0 |
| TOTAL LIABILITIES & CAPITAL | | 0 |
| Pledge Details | 17 | 0 |
| Leverage Market Position | 18 | 0 |

☐ The figures submitted through this return are true to the best of our knowledge and nothing in this regard has been concealed.

Continue

## (الف) پہلا حصہ۔ "کمپنی کی تفصیلات"

یہ حصہ بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی معلومات پر مشتمل ہے اور مطلوبہ معلومات دیے گئے جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جاسکتی ہیں:

| لائن آئیٹم | ہدایات و راہنمائی | مشاہدات |
|---|---|---|
| ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کا نام | یہ فیلڈ خودکار طریقے سے پُر ہو جائے گی۔ جس میں ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کا نام دیا گیا ہے۔ | خودکار طریقے سے پُر ہو جائے گی۔ |
| کمپنی کی تشکیل کی تاریخ | کمپنی کی تاریخ تشکیل جیسا کہ کمپنی کی سندِ تشکیل میں داخل ہو کی حامل یہ فیلڈ خودکار طریقے سے پُر ہو جائے گی۔ | خودکار طریقے سے پُر ہو جائے گی۔ |
| بروکر رجسٹریشن نمبر | بروکر رجسٹریشن نمبر داخل کریں جیسا کہ کمیشن کی جانب سے جاری کئے گئے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ پر داخل ہے۔ | |
| بطور بروکر ابتدائی رجسٹریشن کی تاریخ | دیے گئے کیلنڈر سے کمیشن کے ساتھ بطور بروکر رجسٹریشن کی ابتدائی تاریخ منتخب کریں۔ | |
| رجسٹریشن کے سرٹیفکیٹ ("COR") کی تجدید کی اگلی تاریخ | وہ مابعد تاریخ منتخب کریں جس پر رجسٹریشن کے سرٹیفکیٹ کی تجدید مطلوب ہے۔ | |
| ٹی آر ای سرٹیفکیٹ نمبر | متعلقہ ایکسچینج چیک کریں اور ایکسچینج کی جانب سے جاری کئے گئے ٹی آر ای سرٹیفکیٹ میں دیا گیا ٹی آر ای سرٹیفکیٹ نمبر داخل کریں۔ | قبل از انضمام گوشواروں کے لئے براہِ مہربانی متعلقہ ایکسچینج منتخب کریں۔ بعد از انضمام گوشواروں کے |

| | | |
|---|---|---|
| | | لئے براہِ مہربانی صرف پی ایس ایکس منتخب کریں۔ |
| ڈی میوچلائزیشن کے تحت ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کے حصول کی تاریخ | دیئے گئے کیلنڈر سے متعلقہ ایکسچینج کی جانب سے جاری کئے گئے ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کے حصول کی تاریخ منتخب کریں۔ | |
| ابتدائی رکنیت کے حصول کی تاریخ | دیئے گئے کیلنڈر سے، ابتدائی رکنیت کے حصول کی تاریخ منتخب کریں۔ | یہ فیلڈ ان بروکرز / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈرز کے لئے ہے جن کے پاس ڈی میوچلائزیشن سے پہلے ایکسچینجز کی رکنیت تھی۔ |
| رجسٹرڈ آفس کا پتہ | رجسٹرڈ آفس کا پتہ درج / داخل کریں۔ | |
| شاخوں کی تعداد (ضمیمہ۔الف) | ایکسچینج کے ساتھ رجسٹرڈ شاخوں کی تعداد داخل کریں۔ | یہاں داخل کی جانے والی تعداد ضمیمہ الف میں شاخوں کی داخل کردہ تعداد کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| رجسٹر شدہ ایجنٹوں کی تعداد (ضمیمہ ب) | کمیشن کے ساتھ رجسٹر شدہ ایجنٹوں کی تعداد داخل کریں۔ | یہاں داخل کی جانے والی ایجنٹوں کی تعداد ضمیمہ ب میں فراہم / داخل کی گئی تعداد کے مساوی ہونی چاہیے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| صارفین کی تعداد: (ضمیمہ ج) | صارفین کی تعداد داخل کریں۔ | یہاں داخل کی جانے والی تعداد ضمیمہ ج میں دی گئی داخل کی گئی تعداد کے مساوی ہونی چاہیے۔ |

ب۔ دوسرا حصہ۔بروکر/ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی مالیاتی معلومات

یہ حصہ بروکر/ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی مالیاتی معلومات پر مشتمل ہے اور مطلوبہ معلومات دیئے گئے جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جاسکتی ہیں:

| لائن آئیٹم | ہدایات و راہنمائی | مشاہدات |
|---|---|---|
| اثاثہ جات(بدل پذیر اثاثہ جات) | | |
| نقدی اور بینک (ضمیمہ نمبر۱) | متعلقہ مدت کے اختتام پر نقدی اور بینکوں میں موجود رقم کا کلوزنگ بیلنس داخل کریں۔ | اس حصہ میں داخل کی گئی رقم، ضمیمہ نمبر۱ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| خالص قابل وصولی قرضے۔ (ضمیمہ نمبر۲) | قابل وصولی قرضوں کی مجموعی رقم داخل کریں۔ | اس حصہ میں داخل کی گئی رقم، ضمیمہ نمبر۲ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| قلیل مدتی سرمایہ کاری (ضمیمہ نمبر۳) | بروکریج ہاؤس/ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کے نام پر قلیل مدتی سرمایہ کاری کی مالیت داخل کریں۔ | اس حصہ میں داخل کی گئی رقم، ضمیمہ نمبر۳ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| قابل وصولی قرضے اور | قرضے، پیشگیاں اور قابل وصولی رقوم کے موجودہ حصہ کا | |

| | | |
|---|---|---|
| پیشگیوں کا موجودہ حصہ | مجموعہ داخل کریں۔ | |
| قلیل مدتی پیشگی ادائیگیاں، ڈپازٹس اور دیگر وصولیاں | قلیل مدتی پیشگی ادائیگیاں، ڈیپازٹس اور دیگر وصولیوں کا مجموعہ داخل کریں۔ | |
| دیگر بدل پذیر اثاثہ جات | دیگر بدل پذیر اثاثہ جات کا مجموعہ یہاں داخل کریں۔ جو مذکورہ بالا میں داخل کئے گئے کسی بھی بدل پذیر اثاثہ جات کے درجے میں نہیں آتی۔ | |
| مجموعی بدل پذیر اثاثہ جات | مذکورہ بالا داخل کئے گئے بدل پذیر اثاثہ جات کا مجموعہ | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے جس میں اوپر داخل کئے گئے بدل پذیر اثاثہ جات کے مجموعہ کا حساب خود بخود ہو جائے گا۔ |
| اثاثہ جات (غیر بدل پذیر اثاثہ جات) | | |
| کاروباری املاک (ضمیمہ نمبر ۵) | کاروباری املاک کی ڈبلیوڈی وی / نیٹ بک ویلیو، یہاں داخل کریں جس میں املاک، پلانٹ اور آلات وغیرہ شامل ہوں۔ | اس حصہ میں داخل رقم، ضمیمہ نمبر ۵ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی مالیت (ضمیمہ نمبر ۶) | کتبِ حسابات میں درج شدہ ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی مالیت داخل کریں۔ | اس حصہ میں داخل رقم، ضمیمہ نمبر ۶ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری (ضمیمہ نمبر ۷) | ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز میں کی گئی سرمایہ کاری کی مجموعی مالیت داخل کریں، جیسا کہ کتبِ حسابات میں درج شدہ ہے۔ | اس حصہ میں داخل رقم، ضمیمہ نمبر ۷ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| طویل مدتی سرمایہ کاری (ضمیمہ نمبر۸) | بروکریج ہاؤس / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کے نام پر طویل مدتی سرمایہ کاری کی کل مالیت داخل کریں۔ | اس حصہ میں داخل رقم، ضمیمہ نمبر۸ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| سٹاک ایکسچینج، این سی سی پی ایل اور سی ڈی سی کے ساتھ ڈپازٹس (ضمیمہ نمبر۹) | سٹاک ایکسچینج، این سی سی پی ایل اور سی ڈی سی کے ساتھ ڈپازٹ شدہ کل رقم داخل کریں۔ اس درجہ میں ڈپازٹ شدہ رقم کے ساتھ پی ایم ای ایکس اور دیگر طویل مدتی ڈپازٹس بھی شامل ہونے چاہیے۔ | اس حصہ میں داخل رقم، ضمیمہ نمبر۹ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| دیگر غیر بدل پذیر اثاثہ جات | دیگر غیر بدل پذیر اثاثہ جات کا مجموعہ یہاں داخل کریں۔ جو مذکورہ بالا میں سے کسی بھی غیر بدل پذیر اثاثہ جات کے درجے میں نہیں آتی۔ | |
| مجموعی غیر بدل پذیر اثاثہ جات | مذکورہ بالا غیر بدل پذیر اثاثہ جات کا مجموعہ۔ | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے جس میں مذکورہ بالا غیر بدل پذیر اثاثہ جات کے مجموعہ کا حساب خود بخود ہو جائے گا۔ |
| کل اثاثہ جات | مذکورہ بالا مجموعی بدل پذیر اثاثہ جات اور مجموعی غیر بدل پذیر اثاثہ جات کا مجموعہ۔ | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے مذکورہ بالا مجموعی بدل پذیر اثاثہ جات اور مجموعی غیر بدل پذیر اثاثہ جات کے مجموعہ کا حساب خود بخود ہو جائے گا۔ |

| لائن آئیٹم | ہدایات و راہنمائی | مشاہدات |
|---|---|---|
| واجبات اور ایکویٹی | | |
| موجودہ وجوب | | |
| واجب الادا قرضے (ضمیمہ نمبر ۱۰) | واجب الادا قرض کا مجموعہ داخل کریں۔ | اس حصہ میں داخل رقم، ضمیمہ نمبر ۱۰ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| حالیہ واجب الادا مارک اپ (ضمیمہ نمبر ۱۱) | قرض پر حالیہ واجب الادا مارک اپ کی رقم داخل کریں۔ | اس حصہ میں داخل رقم، ضمیمہ نمبر ۱۱ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| بینک کے قلیل مدتی قرضے (ضمیمہ نمبر ۱۲) | بینک کے قلیل مدتی قرضوں کا کلوزنگ بیلنس داخل کریں۔ | اس حصہ میں داخل رقم، ضمیمہ نمبر ۱۲ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| طویل مدتی قرضوں کا موجودہ حصہ | طویل مدتی قرضوں کے موجودہ حصہ کی مجموعی رقم داخل کریں۔ | |
| دیگر وجوب | دیگر موجودہ وجوب کی مجموعی رقم داخل کریں جو مذکورہ بالا میں داخل کئے گئے موجودہ وجوب کے کسی بھی درجے میں نہیں ہیں۔ | |
| کل موجودہ وجوب | مذکورہ بالا موجودہ وجوب کی رقم کا مجموعہ۔ | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے جس میں اوپر داخل کئے گئے موجودہ وجوب کے مجموعہ کا حساب خود بخود ہو جائے گا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| غیر بدل پذیر وجوب | | |
| طویل مدتی قرضے (ضمیمہ نمبر ۱۳) | طویل مدتی قرضوں کا کلوزنگ بیلنس داخل کریں۔ | اس حصہ میں داخل رقم، ضمیمہ نمبر ۱۳ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| طویل مدتی قرضوں پر عائد شدہ مارک اپ (ضمیمہ نمبر ۱۴) | طویل مدتی قرضوں پر عائد شدہ غیر بدل پذیر مارک اپ داخل کریں۔ | اس حصہ میں داخل رقم، ضمیمہ نمبر ۱۴ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| دیگر وجوب | دیگر غیر بدل پذیر وجوب کا مجموعہ داخل کریں۔ جو مذکورہ بالا کسی بھی غیر موجودہ وجوب کے درجے میں نہیں ہیں۔ | |
| غیر موجودہ وجوب کا مجموعہ | مذکورہ بالا غیر بدل پذیر وجوب کا مجموعہ | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے جس میں اوپر داخل کی گئی غیر بدل پذیر وجوب کے مجموعہ کا حساب خودبخود ہو جائے گا۔ |
| فکسڈ اثاثہ جات کی دوبارہ تشخیص پر حاصل اضافہ | فکسڈ اثاثہ جات کی دوبارہ تشخیص پر حاصل اضافہ کی رقم داخل کریں۔ | |
| ایکویٹی | | |
| سرمایہ (ضمیمہ نمبر ۱۵) | حصص کا اجرا، حصولِ رکنیت اور اداشدہ سرمایہ، ذخائر، غیر مختص منافع / (نقصان)، اور حصص کے اجرا کی مد میں پیشگیوں پر مشتمل مجموعی سرمائے داخل کریں۔ | اس حصہ میں داخل رقم، ضمیمہ نمبر ۱۵ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| مجموعی وجوب اور سرمایہ | مجموعی وجوب اور سرمائے کا مجموعہ | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے جس میں اوپر داخل شدہ بدل پذیر وجوب، غیر بدل پذیر وجوب، |

| | | |
|---|---|---|
| | | فکسڈ اثاثہ جات کی دوبارہ تشخیص پر حاصل اضافہ، اور سرمائے کے مجموعہ کا حساب خودبخود ہو جائے گا۔ |
| رہن کی تفصیلات (ضمیمہ نمبر ۱۷) | ہاؤس اکاؤنٹ اور ذیلی اکاؤنٹس سے رہن شدہ حصص کی مالیت کا مجموعہ داخل کریں۔ | اس حصہ میں داخل رقم، ضمیمہ نمبر ۱۷ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| لیوریج مارکیٹ میں حیثیت (ضمیمہ نمبر ۱۸) | مارجن ٹریڈنگ سسٹم، مارجن فنانسنگ سسٹم اور حصص کے ادھار کے کاروبار کے لئے صارفین / مالک سے / کو فراہم / وصول کی گئی کل رقم داخل کریں۔ | اس حصہ میں داخل رقم، ضمیمہ نمبر ۱۸ کے مجموعہ کے مساوی ہونی چاہیے۔ |

- درج بالا معلومات داخل کر دینے کے بعد، براہِ مہربانی اس باکس پر ٹک کریں جس میں درج ہے کہ

"The figures submitted through this return are true to the best of our knowledge and nothing in this regard has been concealed"

یعنی "اس گوشوارے کے ذریعے جمع کروائی گئی معلومات ہمارے علم ویقین کے مطابق درست ہیں اور اس ضمن میں کوئی بھی بات پوشیدہ نہیں رکھی گئی"۔

- ضمیمہ الف کے لئے Continue پر کلک کریں۔

## 2.3 فارم۔ ضمیمہ الف۔ شاخوں کی تفصیل

**مقصد**

ضمیمہ الف بروکرز / ٹی آر ای سر ٹیفکیٹ ہولڈرز کی شاخوں کی معلومات کی فراہمی سے متعلق ہے۔

**اطلاق**

ضمیمہ الف تمام بروکروں / ٹی آر ای سر ٹیفکیٹ ہولڈروں پر لاگو ہو گا۔

**فہرست**

یہ فارم بروکروں / ٹی آر ای سر ٹیفکیٹ ہولڈروں کی شاخوں کے بارے میں معلومات، بشمول مقام، شاخ کے مجاز شخص، مجاز شخص کے فون نمبر، ذیلی دفتر کا پتہ، تاریخِ آغاز، خاتمے کی تاریخ اور ایکسچینج کو خاتمے کے اطلاع نامہ کی تاریخ پر مشتمل ہے۔

**فارم کی بناوٹ**

فارم کا ایک سیگمنٹ ہے جو بروکروں / ٹی آر ای سر ٹیفکیٹ ہولڈروں کی شاخوں کی تفصیلات کا حامل ہے۔

**ہدایات وراہنمائی**

"Annexure A –Detail of Branches" کے لنک پر کلک کریں۔ "Annexure A –Detail of Branches" کمپیوٹر سکرین پر نمودار ہو گا۔ جس کی تصویر ذیل میں دی گئی ہے:




شاخوں کی تفصیل داخل کرنے کے لئے "Add Row" پر کلک کریں۔۔اس طرح شاخوں کی تفصیلات داخل کرنے کے لئے نئی فیلڈ دستیاب ہو جائے گی۔ مطلوبہ معلومات دیے گئے جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جاسکتی ہیں:

| لائن آئیٹم | ہدایات و راہنمائی | مشاہدات |
|---|---|---|
| ذیلی دفتر کا مقام | دیے گئے مقامات میں سے ذیلی دفتر کے مقام کا انتخاب کریں۔ | |
| ذیلی دفتر میں مجاز شخص | ذیلی دفتر کے معاملات کا انتظام کرنے کے لئے مجاز شخص کا نام داخل کریں۔ | |
| مجاز شخص کا شناختی کارڈ نمبر | مجاز شخص کا شناختی کارڈ نمبر داخل کریں۔ | |
| مجاز شخص کا فون نمبر | مجاز شخص کا رابطہ نمبر داخل کریں۔ | |
| ذیلی دفتر کا پتہ | ذیلی دفتر کا مکمل پتہ داخل کریں۔ | |
| آغاز کی تاریخ | دیے گئے کیلنڈر میں سے ذیلی دفتر کے آغاز کی تاریخ کا انتخاب کریں۔ | |
| خاتمے کی تاریخ | ذیلی دفتر کے خاتمے کی تاریخ کا انتخاب کریں، اگر کوئی ہو۔ | |

| | | |
|---|---|---|
| ایکسچینج کو خاتمے کے اطلاع نامہ کی تاریخ | ذیلی دفتر کے خاتمے کے لئے ایکسچینج کو بھیجے گئے اطلاع نامہ کی تاریخ کا انتخاب کریں، اگر کوئی ہو۔ | |

- مزید کسی دوسری شاخ کی تفصیلات داخل کرنے کے لئے، اگر ضرورت ہو، تو دوبارہ سے "Add Row" کے بٹن کو کلک کریں اور اس عمل کو دہرائیں۔
- شاخ کی تفصیلات کو حذف کرنے کے لئے شاخ کا انتخاب کریں اور "Remove Row" کے بٹن پر کلک کریں۔
- ضمیمہ الف میں داخل کی گئی شاخوں کی کل تعداد ٹاپ شیٹ میں داخل کی گئی تعداد کے مساوی ہونی چاہیے۔
- مندرجہ بالا معلومات داخل کرنے کے بعد، نیچے دئے گئے باکس پر کلک کریں، جس پر لکھا ہے کہ

"The figures submitted through this return are true to the best of our knowledge and nothing in this regard has been concealed"

یعنی "اس گوشوارے کے ذریعے جمع کروائی گئی معلومات ہمارے علم و یقین کے مطابق درست ہیں اور اس ضمن میں کوئی بھی بات پوشیدہ نہیں رکھی گئی"۔

- "Continue" پر کلک کریں۔

سکرین پر یہ پیغام نمودار ہوگا "Please click "YES" to confirm the submission" اگر داخل شدہ اعداد و شمار درست ہیں تو "OK" پر کلک کریں، بصورت دیگر اعداد و شمار کی تصیح کے لئے "Cancel" پر کلک کریں۔

- ضمیمہ ۔ب پر جائیں۔

## 2.4 فارم۔ ضمیمہ۔ب ایجنٹوں کی تفصیل

**مقصد**

ضمیمہ۔ب بروکروں / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں کے ایجنٹوں کی تفصیل فراہم کرنے سے متعلق ہے۔

**اطلاق**

ضمیمہ نمبر۔ب تمام بروکروں / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں پر لاگو ہو گا جن کے پاس رجسٹرڈ ایجنٹس موجود ہوں۔

**مواد**

یہ فارم بروکرز / ٹی آر ایسر ٹیفکیٹ ہولڈرز کے ایجنٹوں کی معلومات بشمول ان کے نام، ایجنٹ کار جسٹریشن نمبر، شناختی کارڈ نمبر، ابتدائی رجسٹریشن کی تاریخ، رجسٹریشن کی منسوخی کی تاریخ اور منتخب شدہ دفتر پر مشتمل ہے۔

**فارم کی بناوٹ :**

اس فارم کا ایک سیگمنٹ ہے جو کہ بروکروں / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں کے ایجنٹوں کے کوائف کا حامل ہے۔

**ہدایات و راہنمائی**

دیئے گئے لنک "Annexure B – Details of Agents" پر کلک کریں۔

آپ کے سامنے کمپیوٹر سکرین پر "Annexure B – Details of Agents" نمودار ہو جائے گا۔ اس فارم کی تصویر ذیل میں دی گئی ہے۔




ایجنٹ کی تفصیلات داخل کرنے کے لئے "Add Row" پر کلک کریں۔ اس سے ایجنٹ کی تفصیلات داخل کرنے کے لئے فیلڈ فراہم ہو جائے گی۔ مطلوبہ معلومات دیے گئے جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جاسکتی ہیں۔

| لائن آئیٹم | ہدایات و راہنمائی | مشاہدات |
|---|---|---|
| ایجنٹ کا نام | ایجنٹ کا نام داخل کریں | |
| ایجنٹ کا رجسٹریشن نمبر | ایجنٹ کا رجسٹریشن نمبر داخل کریں | |
| ایجنٹ کا شناختی کارڈ نمبر | ایجنٹ کا شناختی کارڈ نمبر داخل کریں | |

| | | |
|---|---|---|
| ابتدائی رجسٹریشن کی تاریخ | ایجنٹ کی رجسٹریشن کی ابتدائی تاریخ کا دیے گئے کیلنڈر سے انتخاب کریں۔ | |
| رجسٹریشن کی منسوخی کی تاریخ | ایجنٹ کی رجسٹریشن کی منسوخی کی تاریخ کا دیے گئے کیلنڈر سے انتخاب کریں۔ | |
| منتخب شدہ دفتر | منتخب شدہ دفتر کا پتہ داخل کریں جس کے لئے ایجنٹ رجسٹر شدہ ہے۔ | |
| رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کا سٹیٹس | دی گئی دو آپشنز م(تجدید / تنسیخ) میں سے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کے سٹیٹس کا انتخاب کریں۔ | |
| تاریخ تنسیخ | ایسی صورت میں کہ ایجنٹ کا رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ منسوخ کیا جا چکا ہے تو دیے گئے کیلنڈر میں سے رجسٹریشن کی تاریخ تنسیخ کا انتخاب کریں۔ | |
| ایجنٹ کی ممبر شپ کی منسوخی / اطلاع نامہ کی تاریخ اشاعت | ایجنٹ کی ممبر شپ کی منسوخی کے اطلاع نامہ کی تاریخ اشاعت کا انتخاب دیے گئے کیلنڈر سے کریں، اگر کوئی ہو۔ | |

- مزید ایجنٹوں کی تفصیلات، اگر ضرورت ہو، داخل کرنے کے لئے "Add Row" کے بٹن پر کلک کریں اور اس عمل کو دہرائیں۔

- ایجنٹ کی تفصیلات حذف کرنے کے لئے ایجنٹ کا انتخاب کریں اور "Remove Row" کے بٹن پر کلک کریں۔
- ضمیمہ۔ب میں داخل کئے جانے والی ایجنٹوں کی کل تعداد لازمی طور پر ٹاپ شیٹ میں داخل کی گئی ایجنٹوں کی تعداد کے مساوی ہونی چاہیے۔
- درج بالا معلومات داخل کر دینے کے بعد، براہِ مہربانی اس باکس پر ٹک کریں جس میں درج ہے کہ

"The figures submitted through this return are true to the best of our knowledge and nothing in this regard has been concealed"

یعنی "اس گوشوارے کے ذریعے جمع کروائی گئی معلومات ہمارے علم ویقین کے مطابق درست ہیں اور اس ضمن میں کوئی بھی بات پوشیدہ نہیں رکھی گئی"۔

- "Continue" پر کلک کریں۔ سکرین پر یہ پیغام نمودار ہو گا "Please click "YES" to confirm the submission" اگر داخل شدہ اعداد و شمار درست ہیں تو "OK" پر کلک کریں، بصورت دیگر اعداد و شمار کی تصحیح کے لئے "Cancel" پر کلک کریں۔
- ضمیمہ۔ج پر جائیں۔

## 2.5 فارم۔ضمیمہ ج۔صارفین کی تفصیل

**مقصد**

بروکر/ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈرز کے صارفین کی تفصیل کی فراہمی سے متعلق ہے۔

**اطلاق**

ضمیمہ۔ج تمام بروکروں/ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں پر لاگو ہو گا۔

## فہرست

یہ فارم صارفین کی معلومات، بشمول صارفین کی تعداد، ذیلی اکاؤنٹس کی تعداد اور صارفین کی تعداد جن کے حصص طبعی شکل میں بروکر کے پاس موجود ہوں پر مشتمل ہے۔

## فارم کی بناوٹ

اس فارم کا ایک سیگمنٹ ہے جو صارفین کی معلومات کا حامل ہے۔

## ہدایات و راہنمائی

"Annexure C –Details of Clients" پر کلک کریں۔ کمپیوٹر سکرین پر "Annexure C –Details of Clients" نمودار ہو گی۔ جس کی تصویر ذیل میں دی گئی ہے۔




مطلوبہ تفصیل دیے گئے جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جا سکتی ہیں:

| لائن آئیٹم | ہدایات و راہنمائی | مشاہدات |
|---|---|---|
| صارفین کی کل تعداد | صارفین کی تعداد یہاں داخل کریں۔ | یہاں داخل کی جانے والی صارفین کی کل تعداد، ٹاپ شیٹ میں داخل کی گئی تعداد کے مساوی ہونی چاہیے۔ |
| ذیلی اکاؤنٹس کی تعداد | بروکر/ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی جانب سے سی ڈی سی میں کھولے گئے اکاؤنٹس کی تعداد یہاں داخل کریں۔ | |
| طبعی حصص (صارفین کی تعداد) | ان صارفین کی تعداد یہاں داخل کریں جن کے طبعی حصص ترسیل کے لئے بروکر/ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کے پاس موجود ہیں۔ | |
| تبصرہ | صارفین کے متعلق کوئی تبصرہ اگر ہو تو یہاں تحریر کریں۔ | یہ ایک اختیاری فیلڈ ہے۔ |

- ضمیمہ۔ج میں داخل کی گئی صارفین کی کل تعداد لازمی طور پر ٹاپ شیٹ میں داخل کی گئی تعداد کے مساوی ہونی چاہیے۔
- درج بالا معلومات داخل کر دینے کے بعد، براہِ مہربانی اس باکس پر ٹک کریں جس میں درج ہے کہ

"The figures submitted through this return are true to the best of our knowledge and nothing in this regard has been concealed"

یعنی "اس گوشوارے کے ذریعے جمع کروائی گئی معلومات ہمارے علم و یقین کے مطابق درست ہیں اور اس ضمن میں کوئی بھی بات پوشیدہ نہیں رکھی گئی"۔

- "Continue" پر کلک کریں۔

سکرین پر یہ پیغام نمودار ہو گا "Please click "YES" to confirm the submission" اگر داخل شدہ اعداد و شمار درست ہیں تو "OK" پر کلک کریں، بصورت دیگر اعداد و شمار کی تصحیح کے لئے "Cancel" پر کلک کریں۔

- ضمیمہ نمبر ا پر جائیں۔

2.6 فارم۔ ضمیمہ نمبر ا نقدی اور بینک بیلنس

مقصد

ضمیمہ نمبر ا بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کے بینک بیلنس اور نقدی سے متعلق تفصیلات کا حامل ہے۔

اطلاق

ضمیمہ نمبر ا۔ تمام بروکروں / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں پر لاگو ہو گا۔

متعلقہ مواد:

یہ فارم ممبر کے پاس موجود نقدی، اس کے بینک بیلنس کی تفصیلات اور صارف کے بینک بیلنس کی تفصیلات کا حامل ہے۔
اس فارم میں بینک کی تفصیلات جیسا کہ بینک کا نام، بینک کا کوڈ نمبر، برانچ کا ایڈریس اور بینک بیلنس سے متعلق معلومات داخل کرنا ہوتی ہیں۔

**فارم کی بناوٹ**

یہ فارم درج ذیل تین سیگمنٹ پر مشتمل ہے:

- نقدی اور بینک بیلنس کا خلاصہ
- بینک بیلنس کی علیحدہ علیحدہ تفصیلات (ممبر اکاؤنٹ)

- بینک بیلنس کی علیحدہ علیحدہ تفصیلات (صارف کا اکاؤنٹ)

**ہدایات وراہنمائی**

دیئے گئے لنک "Annexure1-Cash and Bank Balances" پر کلک کریں۔

آپ کے سامنے کمپیوٹر سکرین پر "Annexure1-Cash and Bank Balances" نمودار ہو جائے گا۔ اس ضمیمہ کی تصویر ذیل میں دی گئی ہے۔



مطلوبہ معلومات دیے گئے جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جا سکتی ہیں:

| لائن آئیٹم | ہدایات وراہنمائی | مشاہدات |
|---|---|---|
| نقدی اور بینک بیلنسز کا خلاصہ | | |
| موجود نقدی | بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈرز کے پاس موجود نقد رقم یہاں داخل کریں۔ | |
| بینک بیلنس (ممبر اکاؤنٹ) | یہ حصہ خودکار طریقے سے پُر ہو گا۔ "Breakup/Details of Bank balance (Member Account)" میں داخل کئے گئے اعداد و شمار کا مجموعہ خود بخود اس حصہ میں ظاہر ہو جائے گا۔ | یہ حصہ خودکار طریقے سے پُر ہو جائے گا۔ |
| بینک بیلنس (صارف اکاؤنٹ) | یہ حصہ خودکار طریقے سے پُر ہو گا۔ "Breakup/Details of Bank balance (Client Account)" میں داخل کئے گئے اعداد و شمار کا مجموعہ خود بخود اس حصہ میں ظاہر ہو جائے گا۔ | یہ حصہ خودکار طریقے سے پُر ہو جائے گا۔ |
| کل رقم اور بینک بیلنس | درج بالا فیلڈز کا مجموعہ | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے۔ "Cash and Bank Balances" کا مجموعہ "ٹاپ شیٹ کے "Cash and Bank" کے مساوی ہونا چاہیے۔ |

## ممبر اکاؤنٹ کے بینک بیلنس کی تفصیلات / شق وار تقسیم

ممبر اکاؤنٹ کی بینک بیلنس کی تفصیلات داخل کرانے کے لئے "Add Row" کے بٹن پر کلک کریں۔ اس طرح ممبر اکاؤنٹ کے بینک بیلنس کی تفصیلات داخل کرنے کے لئے نئی فیلڈ دستیاب ہو جائے گی۔ مطلوبہ معلومات دیے گئے جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جاسکتی ہیں:

| لائن آئیٹم | ہدایات و راہنمائی | مشاہدات |
|---|---|---|
| بینک کا نام | دی گئی فہرست میں سے بینک کے نام کا انتخاب کریں۔ | اگر بینک کا نام فہرست میں موجود نہیں تو اس صورت میں "Other" کی آپشن کا انتخاب کریں۔ اس سے آپ کو بینک کا نام داخل کرنے کے لئے فیلڈ دستیاب ہو جائے گی۔ |
| دیگر بینک کا نام | اپنے بینک کا نام داخل کریں۔ | |
| برانچ کوڈ | برانچ کا کوڈ داخل کریں۔ | |
| برانچ کی تفصیلات | بینک برانچ کا پتہ داخل کریں۔ | |
| اکاؤنٹ نمبر | بینک اکاؤنٹ کا نمبر داخل کریں۔ | |
| رقم (روپوں میں) | رپورٹنگ کی مدت کے اختتام پر بینک میں موجود بیلنس کی رقم داخل کریں۔ | |
| اکاؤنٹ ہذا میں موجود بیلنس کی بینک میں موجود | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے۔ | اکاؤنٹ ہذا میں موجود بیلنس کی بینک میں موجود مجموعی بیلنس |

| | | |
|---|---|---|
| مجموعی بیلنس کی نسبت شرح | | کی نسبت شرح یہاں خودکار طریق سے ظاہر ہو جائے گی۔ |
| ممبر اکاؤنٹ میں مجموعی رقم | بینک بیلنس کا مجموعہ (ممبر اکاونٹ) | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے۔ اس میں ممبر اکاؤنٹ کے بینک بیلنس کے مجموعہ کا حساب خودبخود ہو جاتا ہے۔ بینک بیلنس (ممبر اکاؤنٹ) کا مجموعہ خودکار طریقے سے " بینک بیلنس اور نقدی کا خلاصہ " کے سیگمنٹ کی فیلڈ بینک بیلنس (ممبر اکاؤنٹ) کے سامنے ظاہر ہو جائے گا۔ |

- مزید بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات داخل کرنے کے لئے، اگر ضرورت ہو، تو "Add Row" کے بٹن پر کلک کریں اور اس عمل کو دہرائیں۔
- بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کو حذف کرنے کے لئے بینک اکاؤنٹ کا انتخاب کریں اور "Remove Row" کے بٹن پر کلک کریں۔

## صارف اکاؤنٹ کے بینک بیلنس کی تفصیلات / شق وار تقسیم

"Breakup/Details of Bank Balance (Client Account)" کی تفصیلات داخل کرانے کے لئے "Add Row" کے بٹن پر کلک کریں۔

اس طرح صارف اکاؤنٹ کے بینک بیلنس کی تفصیلات داخل کرنے کے لئے نئی فیلڈ دستیاب ہو جائے گی۔ مطلوبہ معلومات دیے گئے جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جاسکتی ہیں:

| لائن آئیٹم | ہدایات و راہنمائی | مشاہدات |
|---|---|---|
| بینک کا نام | دی گئی فہرست میں سے بینک کے نام کا انتخاب کریں۔ | اگر بینک کا نام فہرست میں موجود نہیں تو اس صورت میں "Other" کی آپشن کا انتخاب کریں۔ اس سے آپ کو بینک کا نام داخل کرنے کے لئے فیلڈ دستیاب ہو جائے گی۔ |
| دیگر بینک کا نام | دیگر بینک کا نام داخل کریں۔ | |
| برانچ کوڈ | برانچ کا کوڈ داخل کریں۔ | |
| برانچ کی تفصیلات | بینک برانچ کا پتہ داخل کریں۔ | |
| اکاؤنٹ نمبر | بینک اکاؤنٹ نمبر داخل کریں۔ | |
| رقم (روپوں میں) | رپورٹنگ کی مدت کے اختتام پر بینک میں موجود بیلنس کی رقم | |

| | | |
|---|---|---|
| | داخل کریں۔ | |
| اکاؤنٹ ہذا میں موجود بیلنس کی بینک میں موجود مجموعی بیلنس کی نسبت شرح | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے۔ | اکاؤنٹ ہذا میں موجود بیلنس کی بینک میں موجود مجموعی بیلنس کی نسبت شرح یہاں خودکار طریق سے ظاہر ہو جائے گی۔ |
| صارف اکاؤنٹ میں مجموعی رقم | بینک بیلنس کا مجموعہ (صارف اکاوئنٹ) | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے۔ اس میں صارف اکاؤنٹ کے بینک بیلنس کے مجموعہ کا حساب خودبخود ہو جاتا ہے۔ بینک بیلنس (صارف اکاؤنٹ) کا مجموعہ خودکار طریقے سے "بینک بیلنس اور نقدی کا خلاصہ" کے سیگمنٹ کی فیلڈ بینک بیلنس (صارف اکاؤنٹ) کے سامنے ظاہر ہو جائے گا۔ |

- مزید بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات داخل کرنے کے لئے، اگر ضرورت ہو، تو "Add Row" کے بٹن پر کلک کریں اور اس عمل کو دہرائیں۔
- بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کو حذف کرنے کے لئے بینک اکاؤنٹ کا انتخاب کریں اور "Remove Row" کے بٹن پر کلک کریں۔
- سیگمنٹ اکا " نقدی اور بینک بیلنس کا خلاصہ " کا مجموعہ لازمی طور پر ٹاپ شیٹ میں داخل کئے گئے نقدی اور بینک بیلنس کے مساوی ہونا چاہیے۔
- درج بالا معلومات داخل کر دینے کے بعد، براہِ مہربانی اس باکس پر ٹک کریں جس میں درج ہے کہ

"The figures submitted through this return are true to the best of our knowledge and nothing in this regard has been concealed"

یعنی "اس گوشوارے کے ذریعے جمع کروائی گئی معلومات ہمارے علم و یقین کے مطابق درست ہیں اور اس ضمن میں کوئی بھی بات پوشیدہ نہیں رکھی گئی"۔

- "Continue" پر کلک کریں۔ سکرین پر یہ پیغام نمودار ہو گا "Please click "YES" to confirm the submission" اگر داخل شدہ اعداد و شمار درست ہیں تو "OK" پر کلک کریں، بصورت دیگر اعداد و شمار کی تصحیح کے لئے "Cancel" پر کلک کریں۔
- ضمیمہ نمبر ۲ پر جائیں۔

### 2.7 فارم۔ ضمیمہ۔۲ خالص قابل وصولی قرضے

**مقصد**

ضمیمہ ۲ بروکر/ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کے "Trade Debts-Net" سے متعلق تفصیل کا حامل ہے۔

**اطلاق**

ضمیمہ نمبر ۲ تمام بروکروں/ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں پر لاگو ہوگا۔

**متعلقہ مواد/معلومات**

یہ ضمیمہ خالص تجارتی قابل وصولی قرضوں کی معلومات کا حامل ہے جن میں صارفین، این سی سی پی ایل، سٹاک ایکس چینج، توثیق شدہ متقابل فریقین یا دیگر شامل ہیں۔

**فارم کی بناوٹ**

یہ فارم درج ذیل دو سیگمنٹ پر مشتمل ہے؛

- خالص تجارتی قابل وصولی قرضوں کا خلاصہ اور
- ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز کا بریک اَپ/تفصیلات

**ہدایات و راہنمائی**

"Annexure 2 – Trade Debts-Net" کے لنک پر کلک کریں۔ آپ کے سامنے کمپیوٹر سکرین پر "Annexure 2 – Trade Debts-Net" نمودار ہو جائے گا۔ ضمیمہ نمبر ۲ کی تصویر ذیل میں دی گئی ہے۔




مطلوبہ تفصیل درج ذیل جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جاسکتی ہے

| لائن آئیٹم | راہنما اصول | مشاہدات |
|---|---|---|
| **خالص قابل وصولی قرضہ جات کا خلاصہ** | | |
| این سی سی پی ایل | این سی سی پی ایل سے بطورِ کاروباری قرضہ جات قابل وصولی رقم داخل کریں۔ | |
| سٹاک ایکسچینج | سٹاک ایکسچینج سے بطورِ کاروباری قرضہ جات قابل وصولی رقم داخل کریں۔ | |
| صارفین | یہ ایک خودکار فیلڈ ہے۔ سیگمنٹ "Breakup/Details of Sub Account Holder" میں داخل کئے گئے اعداد و شمار کا مجموعہ خودکار طریقے سے اس فیلڈ میں نمودار ہو جائے گا۔ | خودکار طریقے سے پُر ہو جائے گا۔ |
| منظور شدہ متقابل فریقین | منظور شدہ متقابل فریقین سے بطورِ کاروباری قرضہ جات | |

| | | |
|---|---|---|
| | قابل وصولی رقم داخل کریں۔ | |
| دیگر | بطورِ کاروباری قرضہ جات قابلِ وصولی وہ رقم داخل کریں جو درج بالا کسی بھی درجے میں نہیں آتی۔ | |
| مجموعہ | درج بالا فیلڈز کا مجموعہ | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے؛ یہ خود کار طریقہ سے درج بالا تمام فیلڈز کا مجموعہ شمار کرتی ہے۔ یہ مجموعہ ٹاپ شیٹ کے "خالص قابل وصولی قرضے" کے برابر ہونا چاہیے۔ |
| **ذیلی کھاتہ داران** | | |
| صارفین | یہ فیلڈ خود بخود پُر ہو جائے گی۔ جو اعداد و شمار آپ نے "Breakup/Details of sub Account Holder" میں داخل کئے تھے۔ خود کار طریقے سے ان متعلقہ فیلڈز میں ظاہر ہو جائیں گے۔ | خود کار طریقے سے پُر ہو جائے گا۔ |
| ڈائریکٹرز | | |
| ملازمین | | |

ذیلی کھاتہ داروں کی تفصیلات / شق وار تقسیم

"Breakup/Details of sub Account Holder" سیگمنٹ میں اعداد و شمار داخل کرنے کے لئے "Add Row" پر کلک کریں۔

آپ کو ذیلی کھاتہ داروں کی تفصیلات داخل کرنے کے لئے فیلڈز مہیا ہو جائیں گی۔ مطلوبہ تفصیل درج ذیل جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جاسکتی ہے۔

| لائن آئیٹم | راہنما اصول | مشاہدات |
|---|---|---|
| ذیلی کھاتہ داروں کی درجہ | دیئے گئے درجوں میں سے ذیلی کھاتہ دار کے درجہ کا انتخاب | ذیلی کھاتہ داروں کے تین |

| | | |
|---|---|---|
| بندی | کریں۔ | درجے ہیں جن میں ملازمین، ڈائریکٹرز اور صارفین شامل ہیں۔ |
| مجموعی تعداد | ہر درجے کے تحت ذیلی کھاتہ داروں کی تعداد داخل کریں۔ | |
| چودہ دن سے کم پرانے قابل وصولی قرضے | منتخب کردہ درجے کے ان کاروباری قرضوں کی رقوم داخل کریں جن کی مدتِ وصولی چودہ دن سے کم ہے۔ | |
| چودہ دن سے زیادہ پرانے قابل وصولی قرضے | منتخب کردہ درجے کے ان کاروباری قرضوں کی رقوم داخل کریں جن کی مدتِ وصولی چودہ دن سے زائد ہے۔ | |
| خالص قابل وصولی رقم | منتخب کردہ درجہ کے تحت قابل وصولی قرضہ جات کا مجموعہ | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے؛ جو خود کار طریقہ سے مجموعہ شمار کرتی ہے۔ |

- دیگر درجوں کی تفصیلات شامل کرنا مطلوب ہو تو "Add Row" پر کلک کریں اور اس عمل کو دہرائیں۔
- کسی درجہ میں سے تفصیلات حذف کرنے کے لئے، مطلوبہ درجہ کا انتخاب کریں اور "Remove Row" پر کلک کریں۔
- سیگمنٹ ا میں" "خالص قابل وصولی قرضے" کا مجموعہ ٹاپ شیٹ کے "خالص قابل وصولی قرضے" کے برابر ہونا چاہیے۔
- درج بالا معلومات داخل کر دینے کے بعد، براہِ مہربانی اس باکس پر ٹک کریں جس میں درج ہے کہ

"The figures submitted through this return are true to the best of our knowledge and nothing in this regard has been concealed"

یعنی "اس گوشوارے کے ذریعے جمع کروائی گئی معلومات ہمارے علم ویقین کے مطابق درست ہیں اور اس ضمن میں کوئی بھی بات پوشیدہ نہیں رکھی گئی"۔

- "Continue" پر کلک کریں۔ سکرین پر یہ پیغام نمودار ہو گا "Please click "YES" to confirm the submission" اگر داخل شدہ اعداد و شمار درست ہیں تو "OK" پر کلک کریں، بصورت دیگر اعداد و شمار کی تصحیح کے لئے "Cancel" پر کلک کریں۔
- ضمیمہ نمبر ۳ پر جائیں۔

2.8 فارم-ضمیمہ نمبر ۳۔ قلیل مدتی سرمایہ کاری

مقصد

ضمیمہ نمبر ۳ کا مقصد بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی قلیل مدتی سرمایہ کاری کی تفصیل فراہم کرنا ہے۔

اطلاق

ضمیمہ نمبر ۳ تمام بروکروں / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں پر لاگو ہو گا۔

مواد

یہ فارم سکیورٹیز، لسٹڈ ٹی ایف سیز، کارپوریٹ بانڈز بی بی بی ریٹنگز، ٹریژری بلز، پی آئی بی اور دیگر میں بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی سرمایہ کاریوں کی معلومات کا حامل ہے۔

فارم کی بناوٹ

یہ فارم ایک سیگمنٹ قلیل مدتی سرمایہ کاریوں کا خلاصہ پر مشتمل ہے۔

ہدایات اور راہنمائی

"Annexure 3 – Short Term Investments" کے لنک پر کلک کریں۔ کمپیوٹر سکرین پر "Annexure 3 – Short Term Investments" نمودار ہو گا۔ کمپیوٹر سکرین پر نمودار ہونے والے ضمیمہ نمبر ۳ کی تصویر ذیل میں دی گئی ہے۔




مطلوبہ تفصیل درج ذیل جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جا سکتی ہے

| لائن آئیٹم | راہنما اصول | مشاہدات |
|---|---|---|
| سکیورٹیز | بروکر کے نام پر موجود سکیورٹیز کی مالیت داخل کریں۔ | |
| لسٹڈ ٹی ایف سیز | بروکر کے نام پر موجود لسٹڈ ٹی ایف سیز کی مالیت داخل کریں۔ | |
| کارپوریٹ بانڈز | بروکر کے نام پر موجود کارپوریٹ بانڈز کی مالیت داخل کریں۔ | |
| ٹریژری بلز | بروکر کے نام پر موجود ٹریژری بلز کی مالیت داخل کریں۔ | |
| پی آئی بی | بروکر کے نام پر موجود پی آئی بی کی مالیت داخل کریں۔ | |
| دیگر | بروکر کے نام پر موجود دیگر قلیل مدتی سرمایہ کاری کی مالیت | |

| | | |
|---|---|---|
| | داخل کریں جو درج بالا میں سے کسی درجہ میں شامل نہیں ہیں۔ | |
| مجموعہ | درج بالا فیلڈز کا مجموعہ | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے؛ یہ خود کار طریقہ سے قلیل مدتی سرمایہ کاریوں کا مجموعہ شمار کرتی ہے۔ |

- "قلیل مدتی سرمایہ کاری کے خلاصہ" کا مجموعہ ٹاپ شیٹ میں نمودار ہونے والی "قلیل مدتی سرمایہ کاری" کے برابر ہونا چاہیے۔
- درج بالا معلومات داخل کر دینے کے بعد، براہِ مہربانی اس باکس پر ٹک کریں جس میں درج ہے کہ

"The figures submitted through this return are true to the best of our knowledge and nothing in this regard has been concealed"

یعنی "اس گوشوارے کے ذریعے جمع کروائی گئی معلومات ہمارے علم و یقین کے مطابق درست ہیں اور اس ضمن میں کوئی بھی بات پوشیدہ نہیں رکھی گئی"۔

- "Continue" پر کلک کریں۔ سکرین پر یہ پیغام نمودار ہو گا "Please click "YES" to confirm the submission" اگر داخل شدہ اعداد و شمار درست ہیں تو "OK" پر کلک کریں، بصورت دیگر اعداد و شمار کی تصحیح کے لئے "Cancel" پر کلک کریں۔
- ضمیمہ نمبر ۵ پر جائیں۔

2.9 فارم-ضمیمہ نمبر ۵۔ کاروباری املاک

مقصد

ضمیمہ نمبر ۵ کا مقصد بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی املاک، پلانٹ اور سازوسامان (پی پی اینڈ ای) کی تفصیل فراہم کرنا ہے۔

اطلاق

ضمیمہ نمبر پانچ تمام بروکروں / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں پر لاگو ہو گا۔

مواد

فارم بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی املاک میں سرمایہ کاری کی معلومات کا حامل ہے، جس میں املاک، جائیداد، عمارات، دفتری سازوسامان، مشینری، کمپیوٹرز، گاڑیاں اور دیگر شامل ہیں۔

فارم کی بناوٹ

یہ فارم دو سیگمنٹس پر مشتمل ہے؛

- "کاروباری املاک کا خلاصہ"
- "کاروباری املاک"

ہدایات اور راہنمائی

"Annexure 5 – Business Property" کے لنک پر کلک کریں۔ کمپیوٹر سکرین پر "Annexure 5 – Business Property" نمودار ہو گا۔ کمپیوٹر سکرین پر نمودار ہونے والے ضمیمہ نمبر ۵ کی تصویر ذیل میں دی گئی ہے۔




مطلوبہ تفصیل درج ذیل جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جاسکتی ہے۔

| لائن آئیٹم | راہنمااصول | مشاہدات |
|---|---|---|
| کاروباری املاک کا خلاصہ | | |
| زمینی املاک | یہ تمام خودکار طریقے سے پُر ہو جانے والی فیلڈز ہیں۔ وہ اعداد و شمار جو "Business Property" سیگمنٹ میں داخل کئے گئے خودکار طریقے سے متعلقہ فیلڈ میں نمودار ہو جائیں گے۔ | خودکار طریقہ سے پُر ہو جائے گا۔ |
| عمارتی املاک | | |
| دفتری سازوسامان | | |
| مشینری | | |
| کمپیوٹرز | | |

| | | |
|---|---|---|
| گاڑیاں | | |
| دیگر | | |

کاروباری املاک

کاروباری املاک والے سیگمنٹ میں اعداد و شمار داخل کرنے کے لئے "Add Row" پر کلک کریں۔ اس کے ذریعے آپ کو کاروباری املاک کی تفصیل داخل کرنے کے لئے فیلڈز مہیا کر دی جاتی ہیں۔ مطلوبہ تفصیل درج ذیل جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جا سکتی ہے۔

| لائن آئیٹم | راہنما اصول | مشاہدات |
|---|---|---|
| اثاثوں کی تصریح | دی گئی "drop down" آپشن کے ذریعے اثاثوں کے درجے کا انتخاب کریں۔ | |
| ڈبلیو ڈی وی / خالص کتابی مالیت | منتخب کئے گئے اثاثوں کی ڈبلیو ڈی وی / خالص کتابی مالیت داخل کریں۔ | |

- دیگر اثاثے کی تفصیلات شامل کرنا بھی مطلوب ہو تو "Add Row" پر کلک کریں اور اس عمل کو دہرائیں۔
- کسی اثاثے کی تفصیلات حذف کرنے کے لئے، مطلوبہ درجہ منتخب کریں اور "Remove Row" پر کلک کریں۔
- "کاروباری املاک" کا مجموعہ ٹاپ شیٹ میں نمودار ہونے والے "کاروباری املاک" کے مجموعہ کے برابر ہونا چاہیے۔
- درج بالا معلومات داخل کر دینے کے بعد، براہِ مہربانی اس باکس پر کلک کریں جس میں درج ہے کہ

"The figures submitted through this return are true to the best of our knowledge and nothing in this regard has been concealed"

یعنی "اس گوشوارے کے ذریعے جمع کروائی گئی معلومات ہمارے علم و یقین کے مطابق درست ہیں اور اس ضمن میں کوئی بھی بات پوشیدہ نہیں رکھی گئی"۔

- "Continue" پر کلک کریں۔ سکرین پر یہ پیغام نمودار ہو گا "Please click "YES" to confirm the submission" اگر داخل شدہ اعداد و شمار درست ہیں تو "OK" پر کلک کریں، بصورت دیگر اعداد و شمار کی تصحیح کے لئے "Cancel" پر کلک کریں۔
- ضمیمہ نمبر ۶ پر جائیں۔

2.10 فارم-ضمیمہ نمبر ۶۔ ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی مالیت

مقصد

ضمیمہ نمبر ۶ کا مقصد بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کے ملکیتی سکیورٹیز ایکسچینج کے جاری کردہ ٹی آر ای سرٹیفکیٹ (ٹی آر ای سی) اور مرکنٹائل ایکسچینج کی رکنیت کی تفصیل فراہم کرنا ہے۔

اطلاق

ضمیمہ نمبر ۶ تمام بروکروں / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں پر لاگو ہو گا۔

مواد

فارم بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی ملکیت ایکسچینج (ایکسچینجز) کے جاری کردہ ٹی آر ای سرٹیفکیٹ اور پی ایم ای ایکس کی رکنیتی کارڈ کی معلومات کا حامل ہے۔

فارم کی بناوٹ

یہ فارم درج ذیل تین سیگمنٹس پر مشتمل ہے؛

- "ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی کل مالیت"
- "ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی مالیت" اور
- "پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج کی رکنیت کی مالیت"

ہدایات اور راہنمائی

"Annexure 6 – Value of TREC" کے لنک پر کلک کریں۔ کمپیوٹر سکرین پر "Annexure 6 – Value of TREC" نمودار ہو گا۔ کمپیوٹر سکرین پر نمودار ہونے والے ضمیمہ نمبر ٦ کی تصویر ذیل میں دی گئی ہے۔




مطلوبہ تفصیل درج ذیل جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جا سکتی ہے:

| لائن آئیٹم | راہنما اصول | مشاہدات |
|---|---|---|
| ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی کل مالیت | | |

| | | |
|---|---|---|
| مجموعہ | یہ تمام خود کار طریقے سے پُر ہو جانے والی فیلڈز ہیں۔ "Value of TREC" اور "Value of Pakistan Mercantile Exchange's Membership" سیگمنٹس میں داخل کئے گئے اعداد و شمار خود کار طریقے سے متعلقہ فیلڈ میں نمودار ہو جائیں گے۔ | خود کار طریقہ سے پُر ہو جائے گا۔ |
| ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی مالیت | | |
| کراچی سٹاک ایکسچینج | کے ایس ای کے جاری کردہ ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی کتابی مالیت داخل کریں۔ | یہ فیلڈ قبل از انضمام کی مدت سے متعلقہ ہے۔ |
| لاہور سٹاک ایکسچینج | ایل ایس ای کے جاری کردہ ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی کتابی مالیت داخل کریں۔ | یہ فیلڈ قبل از انضمام کی مدت سے متعلقہ ہے۔ |
| اسلام آباد سٹاک ایکسچینج | آئی ایس ای کے جاری کردہ ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی کتابی مالیت داخل کریں۔ | یہ فیلڈ قبل از انضمام کی مدت سے متعلقہ ہے۔ |
| پاکستان سٹاک ایکسچینج | پی ایس ایکس کے جاری کردہ ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی کتابی مالیت داخل کریں۔ | یہ فیلڈ بعد از انضمام کی مدت سے متعلقہ ہے۔ |
| پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج کی رکنیت کی مالیت | | |
| پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج | پی ایم ای ایکس کی رکنیت کی کتابی مالیت داخل کریں۔ | یہ فیلڈ ان بروکروں / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈرز |

| | | |
|---|---|---|
| | | سے متعلقہ ہے جو پی ایم ای ایکس کی رکنیت کے حامل ہیں۔ |

- "ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی کل مالیت" کا مجموعہ ٹاپ شیٹ میں نمودار ہونے والی "ٹی آر ای سرٹیفکیٹ کی مالیت" کے برابر ہونا چاہیے۔
- درج بالا معلومات داخل کر دینے کے بعد، براہِ مہربانی اس باکس پر کلک کریں جس میں درج ہے کہ

"The figures submitted through this return are true to the best of our knowledge and nothing in this regard has been concealed" یعنی "اس گوشوارے کے ذریعے جمع کروائی گئی معلومات ہمارے علم ویقین کے مطابق درست ہیں اور اس ضمن میں کوئی بھی بات پوشیدہ نہیں رکھی گئی"۔

- "Continue" پر کلک کریں۔ سکرین پر یہ پیغام نمودار ہو گا "Please click "YES" to confirm the submission" اگر داخل شدہ اعداد و شمار درست ہیں تو "OK" پر کلک کریں، بصورت دیگر اعداد و شمار کی تصحیح کے لئے "Cancel" پر کلک کریں۔
- ضمیمہ نمبر ۷ پر جائیں۔

## 2.11 فارم- ضمیمہ نمبر ۷۔ ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں سرمایہ کاری

### مقصد

ضمیمہ نمبر ۷ کا مقصد بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی جانب سے ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں کی گئی سرمایہ کاری کی تفصیل فراہم کرنا ہے۔

اطلاق

ضمیمہ نمبر ۷ تمام بروکروں / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں پر لاگو ہو گا۔

مواد

فارم بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی جانب سے ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں کی گئی سرمایہ کاری کی تفصیلی معلومات بشمول کمپنی کا نام، سرمایہ کاری کی تاریخ، مالیتِ سرمایہ کاری اور رپورٹنگ کی تاریخ پر کلوزنگ بیلنس کا حامل ہے۔

فارم کی بناوٹ

یہ فارم ایک سیگمنٹ پر مشتمل ہے یعنی "ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں سرمایہ کاری کی تفصیلات / شق وار تقسیم"

ہدایات اور راہنمائی

"Annexure 7 – Investments in associated undertakings" کے لنک پر کلک کریں۔ کمپیوٹر سکرین پر "Annexure 7 – Investments in associated undertakings" نمودار ہو گا۔ کمپیوٹر سکرین پر نمودار ہونے والے ضمیمہ نمبر ۷ کی تصویر ذیل میں دی گئی ہے۔




"ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں سرمایہ کاری کی تفصیلات / شق وار تقسیم" والے سیگمنٹ میں اعداد و شمار داخل کرنے کے لئے "Add Row" پر کلک کریں۔ اس کے ذریعے آپ کو ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں سرمایہ کاری کی تفصیل داخل کرنے کے لئے فیلڈز مہیا کر دی جاتی ہیں۔ مطلوبہ تفصیل دیے گئے جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جا سکتی ہیں:

| لائن آئیٹم | راہنما اصول | مشاہدات |
|---|---|---|
| ایسوسی ایٹ کا درجہ | دی گئی آپشنز میں سے درجہ کا انتخاب کریں۔ | |
| کمپنی کا نام | ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگ کا نام داخل کریں۔ | |
| سرمایہ کاری کی تاریخ | دیے گئے کیلنڈر میں سے اس تاریخ کا انتخاب کریں جس پر ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگ میں سرمایہ کاری کی گئی۔ | |

| | | |
|---|---|---|
| سرمایہ کاری کی مالیت | سرمایہ کاری کی مالیت داخل کریں۔ | |
| رپورٹنگ کی تاریخ پر بیلنس | رپورٹنگ کی تاریخ پر موجود بیلنس داخل کریں۔ | |

- ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں دیگر سرمایہ کاریوں کی تفصیلات شامل کرنا بھی مطلوب ہو تو "Add Row" پر کلک کریں اور اس عمل کو دہرائیں۔
- سرمایہ کاریوں کی تفصیلات حذف کرنے کے لئے، مطلوبہ درجہ کا انتخاب کریں اور "Remove Row" پر کلک کریں۔
- "رپورٹنگ کی تاریخ پر بیلنس" کا مجموعہ ٹاپ شیٹ میں نمودار ہونے والے "ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز" کے برابر ہونا چاہیے۔
- درج بالا معلومات داخل کر دینے کے بعد، براہِ مہربانی اس باکس پر کلک کریں جس میں درج ہے کہ

"The figures submitted through this return are true to the best of our knowledge and nothing in this regard has been concealed"

یعنی "اس گوشوارے کے ذریعے جمع کروائی گئی معلومات ہمارے علم ویقین کے مطابق درست ہیں اور اس ضمن میں کوئی بھی بات پوشیدہ نہیں رکھی گئی"۔

- "Continue" پر کلک کریں۔ سکرین پر یہ پیغام نمودار ہو گا "Please click "YES" to confirm the submission" اگر داخل شدہ اعداد و شمار درست ہیں تو "OK" پر کلک کریں، بصورت دیگر اعداد و شمار کی تصحیح کے لئے "Cancel" پر کلک کریں۔

ضمیمہ نمبر ۸ پر جائیں۔

## 2.12 فارم- ضمیمہ نمبر ۸۔ طویل مدتی سرمایہ کاری

### مقصد

ضمیمہ نمبر ۸ کا مقصد بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی طویل مدتی سرمایہ کاری کی تفصیل فراہم کرنا ہے۔

### اطلاق

ضمیمہ نمبر ۸ تمام بروکروں / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں پر لاگو ہو گا۔

### مواد

فارم سکیورٹیز، لسٹڈ ٹی ایف سیز، کارپوریٹ بانڈز، پاکستان سرمایہ کاری بانڈ اور دیگر میں بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی سرمایہ کاری کی معلومات کا حامل ہے۔

### فارم کی بناوٹ

یہ فارم ایک سیگمنٹ پر مشتمل ہے جسے طویل مدتی سرمایہ کاریوں کا خلاصہ کہا جاتا ہے۔

### ہدایات اور راہنمائی

"Annexure 8 – Long Term Investments" کے لنک پر کلک کریں۔ کمپیوٹر سکرین پر

"Annexure 8 – Long Term Investments" نمودار ہو گا۔ کمپیوٹر سکرین پر نمودار ہونے والے ضمیمہ نمبر ۸ کی تصویر ذیل میں دی گئی ہے۔


Securities & Exchange Commission of Pakistan

Unaudited

Annexure 3 - Long Term Investment

Name: ASD (PVT.) LIMITED
Return for the Quarter: 2013-Q1 (July – September)

Summary of Long Term Investment

| | |
|---|---|
| Securities | 0 |
| Listed TFCs | 0 |
| Corporate Bonds - BBB Rating | 0 |
| Pakistan Investment Bonds | 0 |
| Others | 0 |
| Total | 0 |
| Total above must be equal to Long Term Investments of Top Sheet | 0 |

The figures submitted through this return are true to the best of our knowledge and nothing in this regard has been concealed.

continue

مطلوبہ تفصیل دیے گئے جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جاسکتی ہیں:

| لائن آئیٹم | راہنما اصول | مشاہدات |
|---|---|---|
| سکیورٹیز | سکیورٹیز کی مالیت داخل کریں۔ | |
| لسٹڈ ٹی ایف سیز | لسٹڈ ٹی ایف سیز کی مالیت داخل کریں۔ | |
| کارپوریٹ بانڈز-بی بی بی ریٹنگ | کارپوریٹ بانڈز کی مالیت داخل کریں۔ | |
| پاکستان سرمایہ کاری بانڈز | پاکستان سرمایہ کاری بانڈز کی مالیت داخل کریں۔ | |
| دیگر | دیگر طویل مدتی سرمایہ کاریوں کی مالیت داخل کریں جو درج بالا کسی درجہ میں شامل نہیں ہیں۔ | |
| مجموعہ | درج بالا طویل مدتی سرمایہ کاریوں کا مجموعہ | یہ ایک فارمولا فیلڈ ہے؛ یہ خود کار طریقہ سے مذکورہ طویل مدتی سرمایہ کاریوں کا مجموعہ شمار |

| | | |
|---|---|---|
| | | کرتی ہے۔ |

- "طویل مدتی سرمایہ کاری کے خلاصہ" کا مجموعہ ٹاپ شیٹ میں نمودار ہونے والی "طویل مدتی سرمایہ کاری" کے برابر ہونا چاہیے۔
- درج بالا معلومات داخل کر دینے کے بعد، براہِ مہربانی اس باکس پر ٹک کریں جس میں درج ہے کہ

"The figures submitted through this return are true to the best of our knowledge and nothing in this regard has been concealed"

یعنی "اس گوشوارے کے ذریعے جمع کروائی گئی معلومات ہمارے علم ویقین کے مطابق درست ہیں اور اس ضمن میں کوئی بھی بات پوشیدہ نہیں رکھی گئی"۔

- "Continue" پر کلک کریں۔ سکرین پر یہ پیغام نمودار ہو گا "Please click "YES" to confirm the submission" اگر داخل شدہ اعداد و شمار درست ہیں تو "OK" پر کلک کریں، بصورت دیگر اعداد و شمار کی تصحیح کے لئے "Cancel" پر کلک کریں۔
- ضمیمہ نمبر ۹ پر جائیں۔

2.13 فارم–ضمیمہ نمبر ۹- سٹاک ایکسچینج، این سی سی پی ایل اور سی ڈی سی کے ساتھ ڈپازٹس

مقصد

ضمیمہ نمبر ۹ کا مقصد بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کے سٹاک ایکسچینج، این سی سی پی ایل اور سی ڈی سی کے پاس ڈپازٹس کی تفصیل فراہم کرنا ہے۔

اطلاق

ضمیمہ نمبر ۹ تمام بروکروں / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈروں پر لاگو ہو گا۔

مواد

فارم سٹاک ایکسچینج، این سی سی پی ایل اور سی ڈی سی کے ساتھ بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی ڈپازٹ شدہ رقم کی معلومات کا حامل ہے۔

فارم کی بناوٹ

یہ فارم صرف ایک سیگمنٹ پر مشتمل ہے۔

ہدایات اور راہنمائی

"Annexure 9 – Deposits with Stock Exchange, NCCPL and CDC" کے لنک پر کلک کریں۔ کمپیوٹر سکرین پر "Annexure 9" نمودار ہو گا۔ کمپیوٹر سکرین پر نمودار ہونے والے ضمیمہ نمبر ۹ کی تصویر ذیل میں دی گئی ہے۔


Securities & Exchange Commission of Pakistan

Unaudited

**Annexure 9 - Deposits with Stock Exchange, NCCPL and CDC**

| | |
|---|---|
| Name | ASD (PVT.) LIMITED |
| Return for the Quarter | 2013-Q1 (July – September) |

| | |
|---|---|
| Islamabad Stock Exchange | 0 |
| Lahore Stock Exchange | 0 |
| Karachi Stock Exchange | 0 |
| Pakistan Stock Exchange | 0 |
| Pakistan Mercantile Exchange | 0 |
| National Clearing Company of Pakistan Limited | 0 |
| Central Depository Company of Pakistan Limited | 0 |
| Other Deposits | 0 |
| Total | 0 |
| Total above must be equal to Deposits with Stock Exchange, NCCPL and CDC of Top Sheet | 0 |

☐ The figures submitted through this return are true to the best of our knowledge and nothing in this regard has been concealed.

Continue

مطلوبہ تفصیل دیئے گئے جدول میں درج ہدایات کے مطابق داخل کی جاسکتی ہیں:

| لائن آئیٹم | راہنما اصول | مشاہدات |
|---|---|---|
| اسلام آباد سٹاک ایکسچینج | بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کے آئی ایس ای کے پاس ڈپازٹس کی مالیت داخل کریں۔ | یہ فیلڈ قبل از انضمام کی مدت سے متعلقہ ہے۔ |
| لاہور سٹاک ایکسچینج | بروکر / ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر کی جانب سے ایل ایس ای کے پاس ڈپازٹس کی مالیت داخل کریں۔ | یہ فیلڈ قبل از انضمام کی مدت سے متعلقہ ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
